فوری ریلیز کے لیے: 2023/24/1 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کا ماہِ جنوری کے لیے اضافی غذائی امداد کی مد میں 234$ ملین رقم کا اعلان

تمام SNAP گھرانوں کو ماہِ جنوری کے لیے کم سے کم غذائی مراعات کی زیادہ سے زیادہ سطح حاصل ہو گی

ماہانہ اضافی خوراک کے فوائد فروری کی ادائیگی کے بعد ختم ہو جائیں گے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ اضافی غذائی امدادی پروگرام (Supplemental Nutrition Assistance Program, SNAP) میں اندراج شدہ نیو یارک کے تمام باشندوں کو ماہِ جنوری کے لیے زیادہ سے زیادہ قابلِ اجازت سطح کی غذائی معاونت حاصل ہو گی۔ اضافی غذائی معاونتی پروگرام میں حصہ لینے والے تمام گھرانے - بشمول وہ گھرانے جو پہلے ہی مراعات کی زیادہ سے زیادہ سطح پر ہیں - ان کو رواں ماہ ایک اضافی حصہ حاصل ہو گا، جس کے نتیجے میں ریاست نیو یارک کی معیشت میں تقریباً 234$ ملین کی وفاقی فنڈنگ شامل ہو گی۔

گورنر Hochul نے کہا، "ان عارضی اضافی غذائی فوائد نے نیو یارک کے لاکھوں مکینوں کو ایسے وقت میں غذائی عدم تحفظ سے بچنے میں مدد دی ہے جب بہت سے لوگوں کو گھریلو بجٹ بنانے میں مشکل پیش آ رہی ہے جو بہت سکڑ چُکے ہیں۔ اس امداد نے خاندانوں اور افراد کو صحت مند، غذائیت سے بھرپور کھانا میز پر رکھنے میں مدد دے کر نیویارک کی عالمی وباء سے صحت یاب ہونے میں مدد کی ہے -- نیو یارک والوں کو بہت زیادہ ضروری ریلیف فراہم کیا ہے"۔

اضافی ہنگامی امداد SNAP فوائد وصول کرنے والے ان تمام گھرانوں کو فراہم کی جائے گی، جو کہ وفاق کی جانب سے فنڈ شدہ ایک ایسا پروگرام ہے جس کی نگرانی ریاست نیو یارک کا دفتر برائے عارضی اور معذوری میں امداد (New York State Office of Temporary and Disability Assistance, OTDA) کرتا ہے۔ گھرانے کے حجم کے اعتبار سے زیادہ سے زیادہ مراعت موصول کرنے والے گھرانوں سمیت سابقہ طور پر 95$ سے کم ماہانہ اضافی امداد موصول کرنے والے، تمام گھرانوں کو، کم از کم 95$ کی ماہانہ امداد حاصل ہو گی۔

OTDA نے اپریل 2020 میں ان SNAP گھرانوں کو ہنگامی ضمنی فوائد جاری کرنا شروع کیے تھے جن کو زیادہ سے زیادہ ماہانہ فائدے کی رقم سے کم وصول ہو رہے تھے۔ جب جون 2021 میں ریاست نیویارک کے ہنگامی اعلان کی میعاد ختم ہو گئی، ایجنسی نے فروری تک SNAP وصول کرنے والے تمام گھرانوں کے لیے زیادہ سے زیادہ تفویض کو محفوظ بنانے کے لیے وفاقی حکومت کے ساتھ کام کرنا جاری رکھا۔

OTDA نے اپریل 2020 میں ان SNAP گھرانوں کو ہنگامی ضمنی فوائد جاری کرنا شروع کیے تھے جن کو زیادہ سے زیادہ ماہانہ فائدے کی رقم سے کم وصول ہو رہے تھے۔ جون 2021 میں ریاست نیو یارک کے ہنگامی حالت کے اعلامیے کی مدت ختم ہونے پر، ایجنسی نے کامیابی سے وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر کام کیا تاکہ وفاقی اعلامیہ برائے عوامی صحت کی ایمرجنسی کی میعاد ختم ہونے تک تمام SNAP گھرانوں کے لیے زیادہ سے زیادہ حصہ حاصل کیا جا سکے، جسے جنوری تک توسیع دی گئی، نیز یہ OTDA کو اس قابل بنائے گا کہ وہ فروری کے مہینے تک ان مراعات کو مسلسل جاری رکھ سکے۔

حال ہی میں منظور شدہ وفاقی اخراجات کے بل کی رو سے، فروری کی ضمنی ادائیگیاں جاری ہونے کے بعد، یہ عارضی ہنگامی تفویضیں ختم ہو جائیں گی۔ مارچ کے آغاز سے، SNAP وصول کنندگان کو آگے سے ان کا باقاعدہ ماہانہ فائدہ ہی ملے گا۔ مزید معلومات کے لیے، otda.ny.gov/EA-SNAP ملاحظہ کریں۔

نیو یارک کے باشندوں کا SNAP پر بہت زیادہ انحصار جاری رہا، جس میں نومبر کے مہینے میں ریاست بھر میں 1.6 ملین سے زیادہ گھرانوں، بشمول نیو یارک کے 2.8 ملین سے زائد باشندوں کا اس پروگرام میں اندراج ہوا۔ اگرچہ ریاست بھر میں SNAP کے وصول کنندگان اکتوبر کے مقابلے میں قدرے کم تھے، تاہم وہ نومبر 2021 کے مقابلے میں 2.1 فیصد زیادہ تھے، جس سے ان اہم مراعات کی مسلسل مانگ نمایاں ہوتی ہے۔

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے عارضی اور معذوری میں امداد کے معاون کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا، "SNAP غذائی عدم تحفظ سے نمٹنے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے اور ان ماہانہ ضمنیوں نے پوری عالمی وباء اور اس کے فوری بعد کے دوران نیو یارک کے ضرورت مند مکینوں پر زبردست اثر ڈالا ہے۔ یہ اضافی SNAP فوائد اس بات کو یقینی بنانے میں انمول رہے ہیں کہ افراد اور خاندان بڑھتے ہوئے غذائی اخراجات سے بہتر طور پر نمٹ سکیں اور اپنی ضرورت کی خوراک تک رسائی حاصل کر سکیں۔"

نمائندے Adriano Espaillat نے کہا، "گورنر Hochul کا آج SNAP میں حصہ لینے والے گھرانوں کے لیے خوراک کی اضافی امداد کا اعلان محنت کش خاندانوں کے لیے ایک جیت ہے اور ان لوگوں کی مدد کے لیے ہماری کوششوں کو تقویت دیتا ہے جو ہماری کمیونٹیز اور ریاست بھر میں سب سے زیادہ ضرورت مند ہیں۔ یہ انتہائی ضروری ریلیف فراہم کرنے سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ نیو یارک کے 2.8 ملین مکین اپنا کام پورا کرنے کے قابل ہیں اور انہیں وہ مدد حاصل ہے جس کی انہیں ضرورت ہے اور وہ مستحق ہیں۔"

نمائندے Joe Morelle نے کہا، "ہمارا فرض ہے کہ ہم اس بات کو یقینی بنائیں کہ خاندان اپنے بچوں کی ضرورتیں پوری کرنے اور اپنی میزوں پر کھانا فراہم کرنے کے قابل ہوں۔ میں نیویارک کے باشندوں کے لیے ہنگامی سپلیمنٹل SNAP فوائد میں اضافہ کر کے غربت کے سلسلے میں کمی لانے کے لیے گورنر کی کوششوں کو سراہتا ہوں۔ میں صحت مند کھانے کے اختیارات تک رسائی کو بڑھانے اور اپنی کمیونٹی کے مستقبل کو مضبوط بنانے کے لیے مل کر کام جاری رکھنے کا منتظر ہوں۔"

پچھلے مہینوں کی طرح، ادائیگیاں براہ راست وصول کنندگان کے موجودہ الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (EBT) اکاؤنٹس میں پہنچائی جائیں گی اور ان تک ان کے موجودہ EBT کارڈز سے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ SNAP کے باقاعدہ فوائد کی طرح، سپلیمنٹل فوائد کو خوراک کے مجاز کردہ ریٹیل اسٹورز پر خوراک خریدنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ تمام غیر استعمال شدہ SNAP فوائد خود بخود اگلے مہینے میں منتقل ہو جائیں گے۔

ہنگامی ضمنی SNAP فوائد کے بارے میں مزید معلومات، بشمول اکثر پوچھے گئے سوالات کے جوابات یہاں حاصل کریں۔ اندراج میں دلچسپی رکھنے والے نیویارک کے باشندے mybenefits.ny.gov پر جا کے، آن لائن درخواست دینے کے علاوہ اپنی SNAP کی اہلیت بھی معلوم کر سکتے ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418